تبصرے

کوثر و تسنیم از جناب آلم مظفر نگری. تقطیع متوسط۔ ضخامت ۲۲۳ صفحات۔ طباعت وکتابت بہتر قیمت مجلد للعہ چار روپیہ پتہ:۔ شمع بکڈپو دہلی

جناب آلم مظفر نگری اردو زبان کے روشناس اور نامور شاعر ہیں، حضرت سیماب اکبر آبادی کے تلامذۂ خاص میں سے ہیں اور استاد کی طرح بادۂ کہنہ کو جامِ نو میں اور شرابِ امروز کو پیمانۂ دیریں میں پیش کرنے کا بہت اچھا سلیقہ رکھتے ہیں، فن سے واقفیت کے ساتھ شاعری اور زندگی کے جدید تقاضوں سے پوری طرح باخبر ہیں اس لئے ان کی شاعری بقول سجاد علی صاحب قادری ایم۔ اے کے جنہوں نے مقدمہ لکھا ہے جناب آلم کی شاعری قدیم اصولِ فن کی تائید اور جدید تقاضوں کا بہترین سنگم ہے اس مجموعہ میں جو موصوف کے کلام کا دوسرا مجموعہ ہے۔ قومی۔ اخلاقی۔ نیم سیاسی۔ ادبی۔ مذہبی اور تاریخی ہر قسم کی نظمیں اور غزلیں شامل ہیں۔ عام قاعدہ کے برخلاف آلم صاحب کو شعر کی ان دونوں صنفوں پر یکساں قدرت حاصل ہے اور یہ ان کے وہبی شاعر ہونے کی کھلی ہوئی دلیل ہے ہمارے نوجوانوں کو جو آج شعر و شاعری کے بحرانی دور سے گذر رہے ہیں جس میں نغمہ اور آہنگ میں ربط قایم رکھنا مشکل ہوگیا ہے اس مجموعہ کا ضرور مطالعہ کرنا چاہئے اس سے ان کو اندازہ ہوگا کہ اگر قدرتِ کلام موجود ہو تو کوئی نیا سا نیا خیال ایسا نہیں ہے جو قدیم اصولِ فن کے پیرایہ میں بکمالِ بلاغت ادا نہ ہوسکے۔ ہم شاعر برہان" کے اس تازہ اور دل آویز مجموعہ کا مسرت کے ساتھ خیر مقدم کرتے ہیں۔

لسان العصر مرتبہ جناب اختر انصاری اکبر آبادی تقطیع کلاں ضخامت ۱۹۲ صفحات کتابت وطباعت اعلیٰ اور دیدہ زیب قیمت مجلد تین روپیہ پتہ:۔ بزم اکبر کراچی

اس کتاب میں ان ۸۲ نظموں اور قطعات کو جمع کیا گیا ہے جو اردو اور فارسی کے شاعروں اور شاعرات